# 26286 ـ قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے وقت سلام کیسے پڑوں؟

**سوال**

میں مدینہ جا کر مسجد نبوی کی زیارت کا ارادہ رکھتا ہوں، اس لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام کیسے پڑھوں، اور کیا مسجد کی زیارت کرنا واجب ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

و الصلاة والسلام علی رسول اللہ

اما بعد:

مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا واجب نہیں، لیکن اگر آپ مسجد نبوی میں نماز ادا کرنے کی غرض سے مدینہ جائیں تو یہ سنت ہے جب مسجد میں داخل ہوں تو سب سے پہلے نماز ادا کریں، اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر جا کر یہ کلمات کہیں:

" السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته ، وصلى الله عليك وعلى آلك وأصحابك "

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر سلامتی اور اللہ تعالی کی رحمت اور برکت ہو، اور اللہ تعالی آپ اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے"

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام کثرت سے پڑھیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" مجھ پر درود بھیجو کیونکہ تمہارا درود پہنچ جاتا ہے تم جہاں بھی ہو"

سنن ابو داود حدیث نمبر ( 2042 ).

پھر ابو بکر اور عمر رضی اللہ تعالی عنہ پر سلام پڑھیں، اور ان کی قبر ( یعنی جالیوں وغیرہ ) کو بطور تبرک نہ چھوئیں، اور نہ ہی قبر کے قریب کھڑے ہو کر دعاء کریں، بلکہ وہاں سے نکل جائیں اور مسجد میں جہاں بھی ہوں اللہ تعالی سے دعاء کریں.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" صرف تین مسجدوں کی طرف سفر کیا جا سکتا ہے، مسجد حرام، و مسجد نبوی، اور مسجد اقصی "

مسند احمد حدیث نمبر ( 1751 ) صحیح بخاری حدیث نمبر ( 1189 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 1397 ).